مریض کی عیادت کی دعا

۱-عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کسی ایسے مریض کی عیادت کی جس کی موت کا ابھی وقت نہیں آیا ہے اور اس کے پاس سات مرتبہ یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالی مریض کو شفا دے گا

" أَسْأَلُ اللَّهَ الْعَظِيمَ ، رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ أَنْ يَشْفِيكَ وَيُعَافِيَكَ"

" اللہ عظمت والے سے سوال کرتا ہوں جو عرش عظیم کا مالک ہے کہ تجھ کو شفاء دے اور عافیت بخشے "۔ (ابوداود وحسنہ الترمذی)

۲-عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دیہاتی کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے اور جب بھی آپ کسی مریض کی عیادت فرماتے تو یہ دعا پڑھتے:

«لاَ بَأْسَ طَهُورٌ إِنْ شَاءَ اللَّهُ»

" کوئی حرج نہیں، اللہ نے چاہا تو اچھے ہو جاؤ گے " (بخاری)